کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری شکیل قادر خان کی زیر صدارت N-40 پر میڈیکل ایمرجنسی رسپانس سینٹرز کے قیام کے حوالے سے اجلاس ہوا۔ چیف سیکرٹری نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ شاہراہوں پر حادثات کی صورت میں بروقت رسائی اور اعلیٰ معیار کی پری ہسپتال کی دیکھ بھال کو یقینی بنا کر حادثات اور دیگر ہنگامی حالات کے نتیجے میں ہونے والی اموات اور شدید زخمیوں کی تعداد کو کم کیا جاسکتا ہے، ٹریفک حادثات کے زخمیوں کو فوری مدد فراہم کرکے اور احتیاطی تدابیر کے ذریعے حادثات کے واقعات کو کم کرنے کے لئے کام کرکے سڑک کی حفاظت کو بہتر بنانا، پولیس، فائر ڈپارٹمنٹس اور ہسپتالوں کے ساتھ باہمی تعاون کے ساتھ ایک موثر رابطہ کاری اور رابطہ قائم کرنا، تاکہ ایم ای آر سی بلوچستان کے ذریعے ایک جامع اور اچھی طرح سے مربوط ایمرجنسی رسپانس سسٹم کو یقینی بنایا جاسکے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ پروجیکٹ ریکوڈک مائننگ کمپنی، میڈیکل ایمرجنسی رسپانس سینٹر، ریسکیو 1122 اور حکومت بلوچستان کے درمیان باہمی شراکت داری قائم کرنا چاہتا ہے۔ N-40 ہائی وے کے اس حصے کے ساتھ کوئی موجودہ ایمرجنسی رسپانس سینٹر موجود نہیں، جس کی وجہ سے ہنگامی حالات کی صورت میں مسافروں کو خطرہ لاحق ہو جاتا ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ بنیادی ہدف کوئٹہ سے نوکنڈی کے راستے N-40 کے راستے (ERCs) کے ساتھ ایمرجنسی رسپانس سینٹرز کا نیٹ ورک قائم کرنا ہے۔ بہترین سروس فراہم کنندگان اور سرکاری حکام کے ساتھ شراکت داری اس بات کو یقینی بنائے گی کہ پروجیکٹ علاقائی صحت کی دیکھ بھال کی خدمات اور ترقیاتی منصوبوں کے ساتھ ہم آہنگ ہو۔ اس موقع پر RDMC کی جانب سے ایمرجنسی رسپانس سینٹر کی تجویز پیش کی گئی جس پر چیف سیکرٹری نے آر ڈی ایم سی کی اس تجویز میں دلچسپی لی اور اسے وقت کی اہم ضرورت قرار دیا۔

MASHRIQ QUETTA

## شاہراہوں پر حادثات روکنے کیلئے مربوط ایمرجنسی رسپانس سسٹم یقینی بنایا جائے، چیف سیکرٹری

**پولیس، فائر ڈپارٹمنٹس، اور ہسپتالوں کے باہمی تعاون سے ایک موثر رابطہ کاری کے بہتر نتائج برآمد ہوسکتے ہیں، شکیل قادر خان**

**کوئٹہ سے نوکنڈی کے راستے N-40 شاہراہ پر (ERCs) کیساتھ ایمرجنسی رسپانس سینٹرز کا نیٹ ورک قائم کیا جائے گا**

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت قومی شاہراہ N-40 پر میڈیکل ایمرجنسی ریسپانس سینٹرز کے قیام کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس سے اظہار خیال کرتے ہوئے چیف سیکرٹری نے کہا کہ شاہراہوں ........ 

بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

پر حادثات کی صورت بروقت رسائی اور اعلیٰ معیار کی پری ہسپتال کی دیکھ بھال کو یقینی بنا کر حادثات اور دیگر ہنگامی حالات کے نتیجے میں ہونے والی اموات اور شدید زخمیوں کی تعداد کو کم کرتا ہے، روڈ ٹریفک حادثات کے زخمیوں کو فوری مدد فراہم کرکے اور احتیاطی تدابیر کے ذریعے حادثات کے واقعات کو کم کرنے کے لیے کام کرکے سڑک کی حفاظت کو بہتر بنانا، پولیس، فائر ڈپارٹمنٹس، اور ہسپتالوں کے ساتھ باہمی تعاون کے ساتھ ایک موثر رابطہ کاری اور رابطہ قائم کرنا، تاکہ ایم ای آر سی بلوچستان کے ذریعے ایک جامع اور اچھی طرح سے مربوط ایمرجنسی رسپانس سسٹم کو یقینی بنایا جاسکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: انتخاب
Bullet No. 2
Dated: 05 FEB 2025 Page No. 15

# بلوچستان کے نوجوانوں کو گمراہ کرنے کے عزائم ناکام بنادینگے: آرمی چیف

**بھارتی فوج کے کھوکھلے بیانات ان کی بڑھتی ہوئی مایوسی کی نشاندہی کرتے ہیں، آرمی چیف، کسی بھی مہم جوئی کا مکمل طاقت کے ساتھ جواب دینگے، کورکمانڈر کانفرنس سے خطاب، فورم نے علاقائی و داخلی سلامتی کو درپیش خطرات کا جائزہ لیا، آئی ایس پی آر**

**کسی کو بھی بلوچستان میں امن کو خراب کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، سماجی و اقتصادی ترقی تیز کرنے پر زور، مذموم عزائم کو بلوچستان کے عوام کی غیر متزلزل حمایت سے ناکام بنایا جائے گا، جنرل عاصم منیر کا خطاب**

راولپنڈی (آن لائن) آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے کہا کہ پاکستان آرمی ملکی خودمختاری اور سالمیت کے دفاع کے لیے پوری طرح تیار ہے، کسی بھی مہم جوئی کا مکمل طاقت کے ساتھ جواب دینگے، بھارتی فوج کے کھوکھلے بیانات ان کی بڑھتی ہوئی مایوسی کی نشاندہی کرتے ہیں، عسکری قیادت قوم کو درپیش کثیرالجہتی چیلنجز سے مکمل طور پر آگاہ ہے، قابل فخر عوام کی بھرپور حمایت کے ساتھ اپنی آئینی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر، نشان امتیاز (ملٹری) کی زیر صدارت 267ویں کور کمانڈرز کانفرنس منعقد ہوئی۔ بقیہ نمبر43 صفحہ 7 پر

شرکاء نے مادر وطن کے امن واستحکام کے لئے شہدائے افواج پاکستان، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور پاکستانی شہریوں کی لازوال قربانیوں کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا، فورم نے درپیش خطرات کا مفصل جائزہ لیتے ہوئے علاقائی اور داخلی سلامتی کے منظر نامے پر روشنی ڈالی، شرکاء کانفرنس نے لائن آف کنٹرول (ایل او سی) اور ورکنگ باؤنڈری کے ساتھ موجودہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا، فورم نے یوم یکجہتی کشمیر (5 فروری 2025) کے موقع پر کشمیر کے پرعزم لوگوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کیا، فورم نے بھارت کی جانب سے غیر قانونی طور پر مقبوضہ جموں وکشمیر میں انسانی حقوق کی مسلسل خلاف ورزیوں کی شدید مذمت کی اور انہیں خطے کے امن اور استحکام کے لیے ایک سنگین خطرہ قرار دیا، آئی ایس پی آر کے مطابق شرکاء کانفرنس نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق، کشمیری عوام کے حق خودارادیت کے لیے ان کی جدوجہد میں پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کیا جبکہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کی مسلسل خلاف ورزیوں سے نمٹنے کے لیے بین الاقوامی تعاون کی اہمیت پر بھی زور دیا، فورم نے بھارتی فوجی قیادت کے حالیہ عاقبت نا اندیش اور اشتعال انگیز بیانات کا بھی سخت نوٹس لیا اور انہیں غیر ذمہ دارانہ اور علاقائی استحکام کے لیے نقصان دہ قرار دیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فورم سے خطاب کرتے ہوئے آرمی چیف نے کہا کہ پاکستان آرمی ملکی خودمختاری اور سالمیت کے دفاع کے لیے پوری طرح تیار ہے، بھارتی فوج کے یہ کھوکھلے بیانات ان کی بڑھتی ہوئی مایوسی کی نشاندہی کرتے ہیں، اس قسم کے بیانات، اپنے عوام اور عالمی برادری کی توجہ بھارت کی اندرونی خلفشار اور انکی انسانی حقوق کی کھلی خلاف ورزیوں سے توجہ ہٹانے کے لیے ہیں، کسی بھی مہم جوئی کا پاکستان مکمل طاقت کے ساتھ جواب دے گا، انشاء اللہ، فورم نے فتنہ الخوارج کی جانب سے پاکستان کے خلاف دہشت گردی کی کارروائیوں کے لیے افغان سرزمین کے مسلسل استعمال پر گہری تشویش کا اظہار کیا، فورم نے اس بات کی ضرورت پر زور دیا کے عبوری افغان حکومت فتنہ الخوارج کی موجودگی سے انکار کی بجائے اسکے خلاف ٹھوس اور عملی اقدامات کرے، فورم نے واضح کیا کہ افغانستان اور فتنہ الخوارج کے ضمن میں جاری شدہ تمام ضروری اقدامات اور حکمت عملی کو جاری رکھا جائے گا جو پاکستان اور اسکے عوام کے تحفظ کو یقینی بناتے ہیں، فورم نے بلوچستان میں عوام پر مرکوز سماجی و اقتصادی ترقی کے اقدامات کو تیز کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا، تاکہ احساس محرومی کے من گھڑت بیانیے کی نفی کی جاسکے، فورم نے اس بات کا اعادہ کیا کہ "کسی کو بھی بلوچستان میں امن کو خراب کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، غیر ملکی پشت پناہی کرنے والی پراکسیز کی بلوچستان کے نوجوانوں کو گمراہ کرنے اور انتہا پسندی پر مائل کرنے کے مذموم عزائم کو بلوچستان کے عوام کی غیر متزلزل حمایت سے ناکام بنایا جائے گا، انشاء اللہ، تمام فارمیشنوں کی آپریشنل تیاریوں کی تعریف کرتے ہوئے آرمی چیف نے مشن پر مبنی تربیت، بہتر فوجی تعاون، روایتی اور انسداد دہشت گردی کی مد میں مشترکہ مشقوں کے انعقاد کی اہمیت پر زور دیا، کانفرنس کے اختتام پر آرمی چیف نے اس بات کا اعادہ کیا کہ عسکری قیادت قوم کو درپیش کثیرالجہتی چیلنجز سے مکمل طور پر آگاہ ہے، عسکری قیادت پاکستان کی قابل فخر عوام کی بھرپور حمایت کے ساتھ اپنی آئینی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 2

Dated: 06 FEB 2025 Page No. 17


## انسداد پولیو مہم، قطرے پلوانے سے انکاری 5 افراد گرفتار

**کوئٹہ کے تمام سب ڈویژنز میں 90 ریفیوزلز پائے گئے زیادہ تر آمادہ ہو گئے**

کوئٹہ (پ ر) ضلعی انتظامیہ کی زیر نگرانی کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں پولیو کمپین کے دوران ان والدین جو اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے سے انکاری ہیں (ریفیوزل) کے کوائف جمع کئے جا رہے ہیں۔ اس وقت تک کوئٹہ کے تمام سب ڈویژن میں ٹوٹل 90 ریفیوزلز پائے گئے ہیں۔ ضلعی انتظامیہ کی مختلف ٹیموں نے پولیو کمپین کے تیسرے روز جاری مہم کے دوران تمام سب ڈویژن میں ٹوٹل 58 ریفیوزلز کی نشاندہی کی۔ بعد ازاں تمام سب ڈویژن کے اسسٹنٹ کمشنرز اور مجسٹریٹس نے پولیو ٹیموں کے ہمراہ ریفیوزلز کے گھروں میں جا کر انہیں آمادہ کر کے بچوں کو پولیو (باقی صفحہ 5 نمبر 14)

کے قطرے پلائے۔ اس سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر سریاب ماریہ شمعون نے سب ڈویژن سریاب میں 18 ریفیوزلز، اسسٹنٹ کمشنر (سٹی) کیپٹن (ر) عبداللہ بن عارف نے سب ڈویژن سٹی میں 7 ریفیوزلز کے بچوں کو قطرے پلائے جبکہ اس دوران 3 افراد کو گرفتار کر کے جیل بھجوا دیا گیا۔ اسپیشل مجسٹریٹ حسیب سردار نے سب ڈویژن صدر میں 21 ریفیوزلز بچوں کو قطرے پلائے جبکہ اسپیشل مجسٹریٹ سٹی احسام الدین کاکڑ نے 14 ریفیوزل بچوں کو کور کر کے 2 افراد کو گرفتار کرلیا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے تمام ٹیموں کو سختی سے ہدایات جاری کیں کہ روزانہ کی بنیاد پر تمام ریفیوزلز کو کور کر کے رپورٹ پیش کریں۔ ضلعی انتظامیہ کی تمام ٹیمیں 7 روزہ قومی انسداد پولیو کمپین کے دوران پولیو ٹیموں کے ہمراہ ریفیوزل بچوں کی کوریج کریں گی۔

## پولیو قطروں سے انکاری افراد کیخلاف کارروائی کے احکامات

**انکاری افراد کو گرفتار کر کے جیل بھجوا دیا جائے، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ**

کوئٹہ (پ ر) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) سعد بن اسد کی زیر صدارت ضلع کوئٹہ میں جاری انسداد پولیو مہم کا ایوننگ پولیو (ریویو) اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر (صدر) کیپٹن (ر) حمزہ انجم، ڈی ایچ او کوئٹہ ڈاکٹر دانیال ...، ایریا کوآرڈینیٹر ڈبلیو ایچ او ڈاکٹر صفدر، نمائندہ یونیسف سمیت ... اور یو سی ایم اوز نے شرکت۔ اجلاس میں دوسرے دن کی کارکردگی، کوریج، ریفیوزل اور کیچ اپ کے حوالے سے تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ پولیو مائیکرو پلان کے تمام اہداف کو یقینی طور پر عمل درآمد یقینی بنائیں ... چلڈرن اور ریفیوزل کو بروقت کور کریں۔ اجلاس میں کوئٹہ کے تمام یونین کونسلز کے کوریج کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں پولیو سے سخت انکاری لوگوں کے خلاف کارروائیاں کرنے کے احکامات جاری کر دیے۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے کہا کہ جو بھی انکاری ہو گا اسے گرفتار کر کے جیل بھیج دیں۔

## گیس کمپریسرز کیخلاف کارروائیاں جاری

کوئٹہ (پ ر) ضلعی انتظامیہ کی زیر نگرانی کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں گیس کمپریسر بیچنے والے دکانداروں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں اس سلسلے میں گزشتہ روز اسسٹنٹ کمشنر سریاب ماریہ شمعون نے سریاب روڈ کے مختلف علاقوں میں کمپریسر فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 24 کمپریسر ضبط کر لیے۔ جبکہ اسپیشل مجسٹریٹ سیف اللہ کاکڑ نے سب ڈویژن (کچلاک) میں مختلف دکانوں پر چھاپے مارے۔ جس میں مختلف دکانوں سے 30 گیس کمپریسر برآمد کر کے 4 دکانداروں کو گرفتار کر لیا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 06 FEB 2025 Page No. 18


## کان کنی کے مسائل اسمبلی فلور پر اجاگر کریں گے، ڈاکٹر عبدالمالک

**صنعت سے لاکھوں افراد کا روزگار وابستہ ہے اے پی ایم ایم اے کے وفد سے گفتگو**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا ہے کہ کان کنی کے شعبے سے منسلک مسائل کے حل کیلئے اسمبلی سمیت ہر فورم پر اپنا کردار ادا کرینگے کیونکہ اس سے لاکھوں غریب افراد کا روزگار وابستہ ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے آل پاکستان مائنز اینڈ منرلز ایسوسی ایشن کے سیکریٹری جنرل فتح شاہ عارف کی سربراہی میں اے پی ایم ایم اے کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا وفد میں میر مددخان سنجرانی، سلیم سیاپاد، محمد اکرم آغا اور حاجی بشارت علی زئی شامل تھے۔ وفد نے سابق وزیر اعلیٰ کو بلوچستان بالخصوص رخشان ڈویژن میں کان مالکان کو درپیش سے آگاہی دی جس پر ڈاکٹر عبدالمالک نے نے یقین دلایا کہ وہ ان تمام نمایاں نکات کو آئندہ اسمبلی اجلاس میں اٹھائیں گے اور کان کنی کرنے والی برادری کی سہولت کے لئے قابل عمل حل تجویز کرنے کے لئے متعلقہ حکام کی رائے لیں گے۔


INTEKHAB QUETTA


## زرعی ٹیکس کا نفاذ معاشی قتل کے مترادف ہے، بی این پی مینگل

**بلوچستان کے تمام طبقہ فکر کے لوگوں کے ساتھ موجودہ حکمرانوں کا ناروا سلوک جاری ہے، صوبے کے غیور عوام اور زمیندار پہلے ہی معاشی تنگ دستی کا شکار ہیں**

**لوڈشیڈنگ کی وجہ سے زرعی شعبہ تباہی کے دہانے پر پہنچ گیا ہے رہی سہی کسر زرعی ٹیکس کا نفاذ کرکے پوری کی جارہی ہے، مرکزی بیان**

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی بیان میں زرعی ٹیکس کے نفاذ کی مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ فارم 47 کے حکمرانوں نے یہ ثابت کردیا ہے کہ بلوچستان کے تمام طبقہ فکر کے ساتھ ان کا ناروا سلوک جاری ہے بلوچستان کے غیور عوام، زمیندار معاشی تنگ دستی کا شکار ہیں لوڈشیڈنگ کی وجہ سے زرعی شعبہ تباہی کے دہانے پر ہے رہی سہی کسر زرعی ٹیکس کے نفاذ کے ساتھ پورا کیا جارہا ہے جو معاشی قتل کے مترادف عمل ہے بی این پی نے زرعی ٹیوب ویلز کو سولرائزیشن میں تبدیل کرنے کیلئے بھرپور آواز بلند کی ٹیوب ویل کی شمسی پر منتقلی کا عمل سست روی کا شکار ہے جو قابل تشویش ہے آئے روز غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ


بقیہ نمبر 25 صفحہ 5 پر


، بھاری بھرکم بلز، زرعی اجناس کی قیمتوں میں اضافہ سے زمیندار فاقہ کشی تک پہنچ چکے ہیں زرعی ٹیکس آئی ایم ایف کے کہنے پر زمیندار کو مسائل کو نظر انداز کرکے لگایا گیا ہے حکومت کو عوامی مسائل سے کوئی سروکار نہیں لفاظی حد تک معاملات کو بہتر گردانا جارہا ہے بی این پی قیادت نے زمینداروں کی ہمیشہ سیاسی و اخلاقی حمایت کی ہے اور ان کے حقوق کی جدوجہد میں ان کے شانہ بشانہ رہے ہیں اور رہیں گے فوری طور پر سولرائزیشن پر ٹیوب ویلز کو منتقل کیا جائے۔


CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 06 FEB 2025 Page No. 9

## فائرنگ سے ایک شخص ہلاک

صحبت پور (نامہ نگار) پولیس تھانہ RD 238 کی حدود غریب آباد میں مسلح افراد نے فائرنگ کر کے ضمیر احمد نامی شخص کو ہلاک کر دیا اور فرار ہو گئے پولیس نے مقتول کی لاش سول ہسپتال پہنچائی۔

## سوئی: فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق، ساتھی زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) سوئی کے علاقے پٹ فیڈر غریب آباد کے مقام پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ظفر علی نامی شخص جاں بحق جبکہ ساتھی زخمی ہو گیا۔

## اوستہ محمد: ڈاکوؤں نے اسلحہ کے زور پر موٹر سائیکل چھین لی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) اوستہ محمد پولیس تھانہ کی حدود دیرواہ کے قریب ڈاکوؤں نے اسلحہ کے زور پر عبد الحمید کھوسہ نامی شخص سے موٹر سائیکل چھین لی اور جاتے ہوئے اس کے پاؤں میں گولی مار کر فرار ہو گئے۔

## کوئٹہ: نجی ہسپتال کے مالک کا قاتل اسلحہ سمیت گرفتار

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ائیرپورٹ پولیس نے دوران چیکنگ نجی ہسپتال کے مالک کے قتل میں ملوث ملزم کو گرفتار کر کے اسلحہ اور گاڑی قبضے میں لے لی۔ پولیس کے مطابق ایس ایچ او ائیرپورٹ تھانہ عبد الحی گرانی بلوچ دیگر عملے کے ہمراہ خوروناصر پھاٹک پر معمول کی چیکنگ کر رہے تھے کہ اسی دوران ایک گاڑی کو رکنے کا اشارہ کیا جس پر گاڑی میں سوار شخص نے فرار ہونے کی کوشش کی تاہم پولیس نے گھیرے میں لے کر ڈرائیور محمد اسلم کو گرفتار کر کے غیر قانونی اسلحہ قبضے میں لے لیا۔ پولیس نے بتایا کہ گرفتار ملزم نے دس اکتوبر 2023 میں یارو کے قریب نجی ہسپتال کے مالک موسیٰ کو قتل کیا تھا۔ ملزم کرائم برانچ پولیس کو مطلوب تھا جسے کرائم برانچ کے حوالے کر دیا گیا۔

INTEKHAB QUETTA

## ڈیرہ بگٹی کے علاقے میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق، ایک زخمی

### فائرنگ کا واقعہ سوئی پٹ فیڈر غریب آباد کے مقام پر پیش آیا، مزید تفتیش جاری

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ بگٹی کے علاقے میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص ہلاک ایک زخمی اطلاعات کے مطابق ڈیرہ بگٹی کے علاقے سوئی میں پٹ فیڈر غریب آباد کے مقام پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ظفر علی نامی شخص ہلاک جبکہ ان کا ساتھی زخمی ہو گیا واقعے کے بقیہ نمبر 14 صفحہ 5 پر

بارے میں مقامی پولیس تحقیقات کر رہی ہے۔

## بیلہ پولیس کی کامیاب کارروائیاں، اندھے قتل میں مطلوب ملزمان گرفتار

بیلہ (نمائندہ انتخاب) ایس ایس پی لسبیلہ کیپٹن ر نوید عالم، ڈی ایس پی عنایت اللہ بگٹی، ایس ایچ او بیلہ عطاء اللہ جاموٹ نے پولیس تھانہ بیلہ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ لسبیلہ پولیس جرائم پیشہ افراد کے خاتمے اور لسبیلہ میں روایتی امن و امان بحال رکھنے کے لیئے دن رات کوشاں ہے الحمد اللہ بیلہ پولیس کو دو بلائنڈ قتل میں کامیابی بقیہ نمبر 9 صفحہ 5 پر

حاصل ہوئی ہے جو کہ ہمارے قابل فرض شناس ایس ایچ او بیلہ عطاء اللہ جاموٹ اور اس کی ٹیم کی دن رات محنت کا نتیجہ ہے کہ مورخہ 1-2-2025 کو بذریعہ ٹیلی فون پولیس تھانہ بیلہ کو اطلاع ملی کہ میں آر سی ڈی شاہراہ پرانی بابل ہوٹل کے جنگل میں کسی شخص کی نعش پڑی ہے اس اطلاع پر زیر نگرانی ایس ڈی پی او ڈی ایس پی بیلہ او تھل عنایت اللہ بگٹی، ایس ایچ او بیلہ عطاء اللہ جاموٹ نے پولیس پارٹی انسپکٹر نصر اللہ، سب انسپکٹر قادر بخش، اے ایس آئی اکبر موسیٰ و دیگر پولیس ٹیم کے بروقت جائے وقوعہ پر پہنچ کر جھاڑیوں کے اندر سے ایک شخص کی نعش کی برآمد کیا جس کو گولیاں مار کر جھاڑیوں کے اندر پھینک کیا تھا نعش کو تحویل میں لے لیا اور نعش کو سول ہسپتال بیلہ پہنچایا گیا جہاں پر مقتول کے موبائل فون سے ورثہ کا پتہ لگا کر اطلاع دی گئی جس پر مقتول کے بھائی سفر خان اور والد رحیم بخش قوم زہری نے شناخت مقتول خدا بخش ولد رحیم بخش کے نام سے کی جس کا سراغ لگانے کے لیے ایس ڈی پی او عنایت اللہ بگٹی اور ایس ایچ او بیلہ عطاء اللہ جاموٹ کی سربراہی میں ایک ٹیم تشکیل دی گئی جنہوں نے محنت سے قاتل تک پہنچنے میں کامیابی حاصل کر کے قتل میں ملوث ملزم محمد وفا ولد حنون قوم جتوئی ساکن تحصیل ڈاکخانہ سنی ضلع کچھی حال جھاؤ کو چھاپہ مار کر گرفتار کر کے مقتول سے چھینا گیا برج رکشہ برآمد کیا جس کی تفتیش جاری ہے جس کا وضاحت کرنا نہیں چاہوں گا کہ ہمیں کچھ ریکوری کرنا باقی ہے جبکہ مورخہ 30-1-2025 کو مدعی مقدمہ نصیر ولد عظیم خان قوم رونجھو ساکن میجب بیلہ کی مدعیت میں محمد عظیم کے اغواء کا مقدمہ بجرم 11-2025 بجرم 365 ت پ بر خلاف ملزم اللہ بخش ولد مولا بخش قوم رونجھو ساکن آنچھائی گوٹھ بیلہ درج رجسٹرڈ کر کے تفتیش عمل میں لا کر دوران تفتیش زیر نگرانی ایس ڈی پی او ڈی ایس پی عنایت بگٹی سرکل او تھل بیلہ اور ایس ایچ او بیلہ عطاء اللہ جاموٹ نے ہمراہ تفتیشی ٹیم انسپکٹر نصر اللہ، سب انسپکٹر قادر بخش، اے ایس آئی اکبر موسیٰ و ٹیم نے نامزد ملزم اللہ بخش ولد مولا بخش کو گرفتار کیا ملزم نے دوران تفتیش انکشاف کیا کہ اس نے ساتھی ملزم غلام قادر ولد نصر اللہ رونجھو ساکن ملکانہ بیلہ کے ساتھ مل کر مغوی عظیم خان کو قتل کر کے گوٹھ حاجی گلاب میں واقع کنویں میں نعش پھینکی ہے ملزم کے انکشاف اور نشان دہی پر ساتھی ملزم غلام قادر کو بھی گرفتار کر لیا گیا اور مقتول مغوی عظیم خان کی نعش کو کنویں سے نکال کر سول ہسپتال بیلہ پہنچایا جہاں پر ضروری کارروائی کے بعد نعش ورثا کے حوالے کی گئی اور ہر دو مقدمات میں مزید تفتیش عمل میں لائی جا رہی ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 06 FEB 2025 Page No. 20


## بلوچستان میں امن کو خراب کرنے کی اجازت نہیں دی جائیگی

کور کمانڈرز کانفرنس نے بھارت کی جانب سے غیر قانونی طور پر مقبوضہ جموں وکشمیر میں انسانی حقوق کی مسلسل خلاف ورزیوں کو خطے کے امن اور استحکام کیلئے ایک سنگین خطرہ قرار دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق، کشمیری عوام کے حق خودارادیت کے لیے ان کی جدوجہد میں پاکستان کی غیر متزلزل حمایت جاری رہے گی، کسی کو بھی بلوچستان میں امن کو خراب کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، بلوچستان میں عوام پر مرکوز سماجی و اقتصادی ترقی کے اقدامات کو تیز کرنے کی ضرورت ہے، عبوری افغان حکومت فتنہ الخوارج کی موجودگی سے انکار کی بجائے اسکے خلاف ٹھوس اور عملی اقدامات کرے جبکہ آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ پاکستان آرمی ملکی خودمختاری اور سالمیت کے دفاع کے لیے پوری طرح تیار ہے، کسی بھی مہم جوئی کا پاکستان مکمل طاقت کے ساتھ جواب دے گا۔ منگل کو آرمی چیف، جنرل سید عاصم منیر نشان امتیاز (ملٹری) کی زیر صدارت 267 ویں کور کمانڈرز کانفرنس منعقد ہوئی جس میں شرکاء نے مادر وطن کے امن و استحکام کے لئے شہدائے افواج پاکستان، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور پاکستانی شہریوں کی لازوال قربانیوں کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے درپیش خطرات کا مفصل جائزہ لیتے ہوئے علاقائی اور داخلی سلامتی کے منظر نامے پر روشنی ڈالی۔ فورم نے یوم یکجہتی کشمیر (5 فروری 2025) کے موقع پر کشمیر کے پرعزم لوگوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کی۔ فورم نے بھارت کی جانب سے غیر قانونی طور پر مقبوضہ جموں وکشمیر میں انسانی حقوق کی مسلسل خلاف ورزیوں کی شدید مذمت کی اور انہیں خطے کے امن اور استحکام کے لیے ایک سنگین خطرہ قرار دیا۔ شرکاء کانفرنس نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق، کشمیری عوام کے حق خودارادیت کے لیے ان کی جدوجہد میں پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کیا۔ شرکاء نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کی مسلسل خلاف ورزیوں سے نمٹنے کے لیے بین الاقوامی تعاون کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ فورم نے بھارتی فوجی قیادت کے حالیہ عاقبت نااندیش اور اشتعال انگیز بیانات کا بھی سخت نوٹس لیا اور انہیں غیر ذمہ دارانہ اور علاقائی استحکام کے لیے نقصان دہ قرار دیا۔ فورم سے خطاب کرتے ہوئے آرمی چیف نے کہا کہ پاکستان آرمی ملکی خودمختاری اور سالمیت کے دفاع کے لیے پوری طرح تیار ہے۔ پاک فوج کے سربراہ نے کہا کہ بھارتی فوج کے یہ کھوکھلے بیانات ان کی بڑھتی ہوئی مایوسی کی نشاندہی کرتے ہیں، اس قسم کے بیانات، اپنے عوام اور عالمی برادری کی توجہ بھارت کی اندرونی خلفشار اور اسکی انسانی حقوق کی کھلی خلاف ورزیوں سے توجہ ہٹانے کے لیے ہیں۔ آرمی چیف نے کہا کہ کسی بھی مہم جوئی کا پاکستان مکمل طاقت کے ساتھ جواب دے گا۔ فورم نے فتنہ الخوارج کی جانب سے پاکستان کے خلاف دہشت گردی کی کارروائیوں کے لیے افغان سرزمین کے مسلسل استعمال پر گہری تشویش کا اظہار کیا، فورم نے اس بات کی ضرورت پر زور دیا کہ عبوری افغان حکومت فتنہ الخوارج کی موجودگی سے انکار کی بجائے اسکے خلاف ٹھوس اور عملی اقدامات کرے۔ فورم نے واضح کیا کہ افغانستان اور فتنہ الخوارج کے ضمن میں جاری شدہ تمام ضروری اقدامات اور حکمت عملی کو جاری رکھا جائے گا جو پاکستان اور اسکے عوام کے تحفظ کو یقینی بناتے ہیں۔ فورم نے بلوچستان میں عوام پر مرکوز سماجی و اقتصادی ترقی کے اقدامات کو تیز کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا تاکہ احساس محرومی کے من گھڑت بیانیے کی نفی کی جا سکے۔ فورم نے اس بات کا اعادہ کیا کہ کسی کو بھی بلوچستان میں امن کو خراب کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ فورم نے کہا کہ غیر ملکی پشت پناہی کرنے والی پراکسیز کی بلوچستان کے نوجوانوں کو گمراہ کرنے اور انتہا پسندی پر مائل کرنے کے مذموم عزائم کو بلوچستان کے عوام کی غیر متزلزل حمایت سے ناکام بنایا جائے گا۔ تمام فارمیشنوں کی آپریشنل تیاریوں کی تعریف کرتے ہوئے آرمی چیف نے مشن پر مبنی تربیت، بہتر فوجی تعاون، روایتی اور انسداد دہشت گردی کی مد میں مشترکہ مشقوں کے انعقاد کی اہمیت پر زور دیا۔ کانفرنس کے اختتام پر آرمی چیف نے اس بات کا اعادہ کیا کہ عسکری قیادت قوم کو درپیش کثیر الجہتی چیلنجز سے مکمل طور پر آگاہ ہے۔ آرمی چیف نے کہا کہ عسکری قیادت پاکستان کی قابل فخر عوام کی بھرپور حمایت کے ساتھ اپنی آئینی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 06 FEB 2025 Page No. 21


## سنگین انسانی جرائم: کشمیر اور فلسطین کا المیہ

بدھ کے روز بلوچستان سمیت ملک بھر اور پوری دنیا میں یوم یکجہتی کشمیر جوش وجذبے اور اس عہد کی تجدید کے ساتھ منایا گیا کہ مقبوضہ جموں وکشمیر میں جاری بھارتی مظالم کے آگے سر تسلیم خم کرنے کی بجائے کشمیری مسلمانوں کی حمایت اور ان کے ساتھ یکجہتی کا تسلسل کبھی ٹوٹنے نہیں دیا جائے گا وزیر اعظم شہباز شریف نے اس دن کی مناسبت سے آزاد کشمیر کی قانون اسمبلی کے خصوصی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایک بڑی گہری بات کہی ہے کہ پانچ فروری پکار پکار کر یہ یاد دلا رہا ہے کہ کسی پانچ اگست سے کشمیر بھارت کا حصہ نہیں بن سکتا کشمیریوں کے آزادانہ اور منصفانہ حق رائے دہی کے ذریعے تنازع کشمیر کا حل ہی خطے اور دنیا میں امن کا واحد راستہ ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم شہباز شریف نے یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر اپنے پیغامات میں کشمیری مسلمانوں کے ساتھ لازوال یکجہتی کے عزم کا اعادہ کیا ہے اور مسئلہ کشمیر کے حل کے لئے عالمی برادری سے اقدامات کا مطالبہ کیا ہے اپنے پیغام میں وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ مشرق وسطیٰ میں حالیہ پیش رفت سے واضح ہوتا ہے کہ دیرینہ تنازعات کو بڑھنے نہیں دیا جانا چاہئے انہوں نے کہا کہ پاکستان کی حکومت اور عوام ہر سال یوم یکجہتی کشمیر مناتے ہیں تاکہ کشمیری عوام کی حق خود ارادیت کے حصول کے لئے ان کی منصفانہ اور جائز جدوجہد کی حمایت کی تجدید کی جاسکے وزیر اعظم نے کہا کہ حق خود ارادیت بین الاقوامی قانون کا بنیادی اصول ہے، ہر سال اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی ایک قرارداد منظور کرتی ہے جس میں لوگوں کو اپنی تقدیر کا فیصلہ خود کرنے کے قانونی حق پر زور دیا جاتا ہے بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط مقبوضہ جموں وکشمیر دنیا کے سب سے زیادہ فوجی علاقوں میں سے ایک ہے اور کشمیری خوف وہراس کے ماحول میں زندگی گزار رہے ہیں ادھر سپہ سالار قوم چیف آف آرمی سٹاف جنرل عاصم منیر نے کہا ہے کہ کشمیر کی خاطر دس جنگیں اور بھی لڑنا پڑیں تو لڑیں گے، کشمیر کل بھی پاکستان کا حصہ تھا آج بھی ہے اور آئندہ بھی پاکستان ہی کا حصہ رہے گا ان کا کہنا تھا کہ کشمیر کا فیصلہ کسی غاصب فوج کو نہیں کشمیر کے عوام کو کرنا ہے، کشمیر اور پاکستان کا رشتہ لازم وملزوم ہے کشمیر کی خاطر تین جنگیں لڑی ہیں، دس اور لڑنی پڑیں تو ان شاء اللہ لڑیں گے، اگر ہم متحد اور مضبوط رہیں تو ہم ہر مشکل کا سامنا کر سکتے ہیں۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی سے خطاب کے موقع پر کشمیر کے ساتھ ساتھ فلسطین کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ فلسطین اور مقبوضہ جموں وکشمیر میں انسانیت کے خلاف جرائم کرنے والوں کو انصاف کے کٹہرے میں کھڑا کرنا ہوگا وزیر اعظم کے خطاب کی تفصیلات میں جانے سے قبل ایک اور خبر کا ذکر ضروری ہے جس سے پوری دنیا میں موجود مسلمانوں میں غم تشویش اور غصے کی لہر ابھری ہے یہ بیان امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دیا ہے انہوں نے غزہ پر قبضہ کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ غزہ میں امریکی فوج بھیجنے کا فیصلہ بھی خارج از امکان نہیں واشنگٹن میں اسرائیلی وزیر اعظم کے ساتھ پریس کانفرنس کرتے ہوئے ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ امریکا، غزہ کی پٹی پر قبضہ کر لے گا جبکہ وہاں رہنے والے فلسطینیوں کو وہاں سے نکل جانا چاہئے امریکی صدر کے اس بیان پر عالمی سطح پر حیرت وپریشانی اور تشویش کا اظہار کیا جا رہا ہے ٹرمپ کے اس بیان کے بعد آسٹریلیا نے فلسطینی ریاست کی حمایت کا اعادہ کیا ہے آسٹریلیا کے وزیر اعظم انتھونی البانیز نے کہا ہے کہ امریکی صدر کی جانب سے غزہ کی پٹی پر قبضہ کرنے کے اعلان کے بعد آسٹریلیا حکومت مشرق وسطیٰ میں دو ریاستی حل کی حمایت کرتا ہے ادھر سعودی عرب نے فلسطینیوں کو ان کی سرزمین سے بے دخل کرنے کے کسی بھی منصوبے کو مسترد کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ فلسطینی ریاست کے بغیر اسرائیل کے ساتھ کوئی تعلقات نہیں کریں گے سعودی وزارت خارجہ سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ سعودی عرب، فلسطینی ریاست کے قیام کی غیر متزلزل حمایت کرتا ہے اور وہ فلسطینیوں کو ان کی سرزمین سے بے دخل کرنے کی کسی بھی کوشش کو مسترد کرتا ہے سعودی وزارت خارجہ نے واضح کیا ہے کہ مسئلہ فلسطین مملکت سعودی عرب کے لئے سر فہرست ہے اور فلسطینی ریاست کے قیام سے متعلق سعودی عرب کا مؤقف مضبوط اور غیر متزلزل ہے بیان میں کہا گیا ہے کہ فلسطینی عوام کے جائز حقوق کی کسی بھی خلاف ورزی، چاہے وہ اسرائیلی آبادکاری کی پالیسیوں کے ذریعے ہو، فلسطینی علاقوں کے الحاق کے ذریعے، یا فلسطینی عوام کو ان کی سرزمین سے بے گھر کرنے کی کوششوں کے ذریعے ہو، مملکت سعودی عرب اس کو واضح طور پر مسترد کرتی ہے عالمی رہنماؤں کی طرف سے امریکی صدر کے بیان پر ردعمل اور مبصرین وتجزیہ کاروں کی جانب سے تجزیوں تبصروں کا سلسلہ جاری ہے اب اس سارے تناظر میں یوم یکجہتی کشمیر پر بات کریں تو ہم اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ اس وقت مسلم امہ کو اتحاد واتفاق اور یکجہتی کی اشد ضرورت ہے ورنہ کشمیر سے فلسطین تک خون مسلم کی ارزانی کا جو سلسلہ جاری ہے وہ جاری رہے گا اور کشمیر سے فلسطین تک سنگین انسانی جرائم کے مرتکب ہندو انتہاء پسند اور صیہونی انتہا پسند ریاستیں مسلمانوں کا خون بہاتی رہیں گے جبھی تو وزیر اعظم شہباز شریف نے کشمیر اور فلسطین کا ذکر کرتے ہوئے عالمی برادری کی توجہ اس جانب مبذول کرائی ہے اور کہا ہے کہ فلسطین اور مقبوضہ جموں وکشمیر میں انسانیت کے خلاف جرائم کرنے والوں کو انصاف کے کٹہرے میں کھڑا کرنا ہوگا فلسطین اور کشمیر کے عوام کو ان کی مرضی سے جینے کا جمہوری حق ملنا دنیا کی جمہوریت پسندی کا امتحان ہے، فلسطین اور کشمیر کے عوام کے جمہوری حق کی حمایت پوری دنیا کے جمہوری مزاج ادارے، تنظیمیں، بین الاقوامی اصول، عالمی قانون اور مہذب انسان کرتے ہیں، کسی ملک یا قوم کو یہ حق نہیں کہ وہ فوجی قوت کی بنیاد پر کسی اور خطے اور وہاں کے رہنے والوں کو غلام بنالے، فلسطین اور کشمیر میں جمہوریت کے وہی اصول لاگو کرنا ہوں گے جنہیں پوری دنیا تسلیم کرتی، ان پر یقین رکھتی اور ان کی تبلیغ کرتی ہے، دنیا میں دو الگ الگ اصول، انصاف وجمہوریت کے دو الگ الگ معیار اور عالمی قانون کے نفاذ میں امتیاز قبول نہیں وزیر اعظم کی باتیں سو فیصد مبنی بر انصاف اور عین حقیقت ہیں انہوں نے عالمی ضمیر کو جھنجھوڑنے کی کوشش کی ہے دیکھیئے اس بابت عالمی ضمیر کب جاگے اور کب اقوام متحدہ اور دیگر عالمی قوتیں ہندوستان اور اسرائیل کے ہاتھ روک کر کشمیر اور فلسطین میں سنگین جرائم کے ارتکاب پر انہیں انصاف کے کٹہرے میں لا کھڑا کریں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 5 Dated: 06 FEB 2025 Page No. 22

# Malnutrition: a silent killer

For over a decade, the Balochistan government has failed to allocate funds for its malnutrition program aimed at supporting mothers and children in the province. Instead, it has relied solely on aid from UNICEF and other donors, who are currently working in 31 districts to provide food and medical assistance to families suffering from nutritional deficiencies. The lack of a sustainable, government-led initiative has left millions vulnerable to the long-term effects of malnutrition. Balochistan has the highest malnutrition rate in Pakistan, with 16 out of every 100 people affected. A survey conducted by the National Nutrition Cell, under the Department of Health, revealed alarming statistics: 49% of women suffer from malnutrition, while 29% experience iodine deficiency. Additionally, 52 out of every 100 children under the age of five are stunted, and 16% suffer from wasting. According to the Integrated Food Security Phase Classification, in Panjgur, one in every three children under five is acutely malnourished. The situation in Kachhi, Pishin, Jhal Magsi, and Dera Bugti is similarly dire, while Awaran and Gwadar are also identified as districts experiencing severe levels of malnutrition. Several factors contribute to malnutrition in the region, including household food insecurity, inadequate feeding practices, and gender inequality, which disproportionately affects women and girls. With 80% of Balochistan's population relying on agriculture for their livelihoods, the persistent drought-like conditions and water scarcity have exacerbated food insecurity, pushing farmers deeper into poverty. Limited agricultural productivity and declining livestock health further add to the food crisis, leaving families with insufficient resources to meet their daily nutritional needs. In addition to food shortages, limited access to clean drinking water, inadequate sanitation facilities, weak immunization programs, and poor healthcare infrastructure further aggravate the crisis. Many rural areas lack basic health services, forcing families to travel long distances for medical attention. Malnutrition is not just a result of food shortages but also of diseases caused by unsafe water and poor sanitation, which lead to recurring infections and chronic health conditions. While the Balochistan Health Department has implemented the "Balochistan Nutrition Project for Mothers and Children" in select districts, the crisis remains widespread across the entire province. Malnutrition has devastating consequences, particularly for children, affecting their physical growth, cognitive development, and learning abilities. It also weakens immunity, making them more vulnerable to diseases. Among adults, malnutrition reduces productivity and increases susceptibility to illnesses, further burdening the healthcare system and economy. Independent research indicates that malnutrition alone results in an annual economic loss of $7.6 billion for Pakistan.

CamScanner